**PRESS RELEASE**
For immediate release
July 25, 2025

## SECP's Adjudication Division Intensifies Recovery Drive

**Islamabad, July 25, 2025 –** In a true reflection of its dedication to upholding the integrity and transparency of Pakistan's financial markets and corporate sector, the Securities & Exchange Commission of Pakistan has intensified the recovery drive for various penalties imposed during the year.

To date, SECP has successfully recovered Rs.26 million in penalties during the financial year 2024-25, constituting 30% of the fines imposed during the said period. Efforts are underway for recovery of outstanding penalties through periodic communication with companies as well as recovery through Land-Revenue Department and respective High Courts.

The above recovery is exclusive of Rs.334 million of penalties imposed by SECP on 04 unlisted companies involved in illegal deposit-taking activities, penalty recovery proceedings for which have already been initiated through Prosecution and Civil Litigation Department of SECP; total amount of penalties imposed stands at 425 million.

Section 42B of Securities and Exchange Commission of Pakistan Act, 1997 empowers SECP to recover the imposed penalties as a decree for payment of money, and the High Courts are empowered to exercise powers of an executing Court as per Code of Civil Procedure, 1908 for recovery of penalties. Executing Courts can attach any immovable or movable property including bank account of company on whom penalties have been imposed. Under the said Section 42B, penalties can also be recovered by SECP as arrears of land revenue.

As part of its penalty recovery regime, SECP has issued multiple reminders with one-month intervals to defaulter companies, providing an adequate opportunity to deposit penalties with SECP in a timely manner.

In cases where offenders have not responded and have failed to deposit the imposed penalties despite issuance of multiple reminders, SECP has initiated proceedings for recovery of penalties through its Litigation Department.

SECP remains dedicated to protecting stakeholder interests and mitigate systemic risk through vigorous enforcement of its administered laws, aimed at creating a compliant culture in the corporate sector.

# ایس ای سی پی کے ایڈ جیوڈیکیشن ڈویژن نے ریکوری مہم کو تیز کر دیا۔

اسلام آباد، 25 جولائی: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اس سال مختلف جرمانوں کی وصولی کی مہم تیز کر دی ہے۔ اب تک مالی سال 2025-2024 میں ایس ای سی پی نے 2 کروڑ 60 لاکھ روپے کے جرمانے وصول کر لیے ہیں، جو اس مدت کے دوران لگنے والے کل جرمانوں کا 30 فیصد بنتے ہیں۔ باقی جرمانے وصول کرنے کے لیے کمپنیوں سے بار بار رابطہ کیا جا رہا ہے، اور لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ اور متعلقہ ہائی کورٹس کے ذریعے بھی وصولی کی جا رہی ہے۔

اوپر بتائی گئی وصولی میں وہ 33 کروڑ 40 لاکھ روپے کے جرمانے شامل نہیں ہیں جو ایس ای سی پی نے 4 غیر لسٹڈ کمپنیوں پر غیر قانونی ڈپازٹ لینے کی وجہ سے لگائے ہیں۔ ان جرمانوں کی وصولی کے لیے ایس ای سی پی کے پراسیکیوشن اور سول لٹیگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے کارروائی شروع ہو چکی ہے۔ کل ملا کر اس سال 42 کروڑ 50 لاکھ روپے کے جرمانے لگائے گئے ہیں۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ایکٹ 1997 کے سیکشن B 42 کے تحت ایس ای سی پی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ لگائے گئے جرمانوں کو رقم کی ڈگری کے طور پر وصول کر سکے۔ ہائی کورٹس کو بھی سیول پروسیجر کوڈ 1908 کے تحت یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ان جرمانوں کی وصولی کے لیے ایگزیکیوشن کورٹ کا کردار ادا کریں۔ ایگزیکیوشن کورٹ کمپنی کی کوئی بھی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد، بشمول بینک اکاؤنٹ، ضبط کر سکتی ہے جس پر جرمانہ لگا ہو۔ اسی سیکشن B 42 کے تحت ایس ای سی پی یہ جرمانے زمین کے ریونیو کی بقایا رقم کی طرح بھی وصول کر سکتی ہے۔

اپنے جرمانے کی وصولی کے طور پر، ایس ای سی پی نے ڈیفالٹر کمپنیوں کو ایک ماہ کے وقفوں کے ساتھ متعدد یاددہانیاں جاری کی ہیں، تا کہ انہیں وقت پر جرمانے جمع کرانے کا پورا موقع دیا جا سکے۔

جن معاملات میں کمپنیوں نے بار بار یاددہانیوں کے باوجود جواب نہیں دیا اور جرمانے جمع نہیں کرائے، وہاں ایس ای سی پی نے اپنے لٹیگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے جرمانے وصول کرنے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔